ABC Certified
لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت مستند قومی اخبار
Daily JINNAH Lahore
روزنامہ جناح لاہور
ایڈیٹر انچیف
محسن جمیل بیگ

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم آج ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس اسلام آباد کا دورہ کرے گی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ڈائریکٹوریٹ آف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے خلاف بدانتظامی کی شکایات کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سینئر افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم تشکیل دی ہے جو آج (پیر) ڈائریکٹوریٹ آف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اسلام آباد کا دورہ کرے گی۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس کے خلاف بدانتظامی بشمول ٹیکس کے تخمینہ، گاڑیوں کی رجسٹریشن، ان کے معائنہ اور رجسٹریشن کارڈ حاصل کرنے میں تاخیر نیز ایجنٹوں کی دخل اندازی سے متعلق بڑی تعداد میں شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے یہ معائنہ ٹیم تشکیل دی ہے جو دورہ کے دوران ان شکایات کا جائزہ لے گی اور ان کے حل کے لئے تجاویز پر مبنی اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔